# ڈاکٹر اے کیو خان سکول اینڈ کالج بحریہ ٹاؤن فیز ۸

## ماڈل پیپر اردو جماعت ہفتم

مقررہ وقت : 20 منٹ

نام: ____________ فریق: ____________

تاریخ: ____________ دستخط نگران امتحان: ____________

## حصہ اول (کل نمبر 10)

سوال نمبر 1: ہر سوال کے سامنے دیے گئے، سلیبس کے مطابق درست دائرہ کو پر کریں۔ (10)

| نمبر شمار | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| i. | کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کے نام کو کیا کہتے ہیں؟ | اسم نکرہ | اسم معرفہ | اسم مکبر | اسم ضمیر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| ii. | ایسے الفاظ جن کو سوچتے اور زبان پر لاتے ہی اِن سے متعلقہ بہت سے الفاظ ذہن میں آجائیں کیا کہلاتے ہیں؟ | متضاد الفاظ | متلازم الفاظ | مترادف الفاظ | تشابہ الفاظ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| iii. | ایسا اسم جو کسی دوسرے اسم کی جگہ استعمال ہو ______ کہلاتا ہے۔ | اسم علم | اسم ضمیر | اسم اشارہ | اسم موصول | ○ | ○ | ○ | ○ |
| iv. | "اُس کی پلکوں پر موتی چمک رہے ہیں" اس جملے میں استعارہ کی نشاندہی کریں۔ | پلکوں | موتی | چمک | اُس کی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| v. | وہ فعل جس میں کسی کام کا ہونا یا کرنا دور کے گزرے ہوئے زمانے میں معلوم ہو ______ کہلاتا ہے۔ | ماضی قریب | ماضی بعید | ماضی مطلق | ماضی شکیہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| vi. | ایسے الفاظ جن کا املا ایک ہو لیکن اِن کے معنی مختلف ہوں ان کو کیا کہتے ہیں؟ | متلازم الفاظ | تشابہ الفاظ | مترادف الفاظ | متضاد الفاظ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| vii. | "اگر وہ محنت کرتا تو ضرور کامیاب ہوتا" قواعد کی رو سے اِس جملے کا تعلق ___ سے ہے۔ | ماضی تمنائی | ماضی مطلق | ماضی شرطیہ | ماضی شکیہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| viii. | فعل ماضی کی کتنی اقسام ہیں؟ | سات | چھ | آٹھ | پانچ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| ix. | وطن کی محبت میں لکھی جانے والی نظم کو کیا کہتے ہیں؟ | نعت | ملی نغمہ | حمد | غزل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| x. | اصطلاح میں دو آدمیوں کے درمیان بات چیت کرنے کا نام کیا ہے؟ | مکالمہ | روداد | آپ بیتی | مفعول | ○ | ○ | ○ | ○ |

# ڈاکٹر اے کیو خان سکول اینڈ کالج بحریہ ٹاؤن فیز ۸

## ماڈل پیپر اردو جماعت ہفتم

**سوال نمبر2:الف۔** حصہ نثر

**درج ذیل عبارت کو پڑھ کر آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں۔** (5x2=10)

قدرتی آفات شروع سے ہی انسانی آزمائشوں کا سبب بنتی آئی ہیں اور وہی قومیں ان آفات سے نمٹنے میں سُرخرو ہوتی ہیں جو کہ باقاعدہ منصوبہ بندی اور اتحاد و یگانگت کا مظاہرہ کرتی ہیں۔ قدرتی آفات سے متاثرہ لوگوں کی بحالی کے لیے پوری قوم کو ایک ہونا پڑتا ہے۔ ایسے ہنگامی حالات میں خیراتی اداروں اور مخیر حضرات کا کردار بہت اہم ہوتا ہے۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنے اندر دوسروں کی مدد کا جذبہ پیدا کریں۔ اسی میں ملک و قوم کا مفاد پوشیدہ ہوتا ہے۔

**سوالات:**

i. قدرتی آفات سے کیا مراد ہے؟

ii. ملک و قوم کا مفاد کس چیز میں پوشیدہ ہے؟

iii. قدرتی آفات انسانوں پر کیسے اثرانداز ہوتی ہیں؟

iv. اگر آپ کو کسی قدرتی آفت کا سامنا کرنا پڑ جائے تو کیا کریں گے؟

v. اِس پیراگراف کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ **یا** پیراگراف کا خلاصہ لکھیں اور مناسب عنوان تحریر کریں۔

**(ب) حصہ شعر:** (5)

**درج ذیل اشعار پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالوں کے جواب تحریر کریں۔**

محنت، بغیر جینا، ممکن نہیں جہاں میں محبت سے وہ بنا ہے، رہتے ہو جس مکاں میں

محنت کا پھل ہیں، پودے جتنے ہیں گلستاں میں محنت لگی ہوئی ہے بلبل کے آشیاں میں

محنت کرو عزیزو! محنت سے نام ہو گا

**سوالات:**

i. زندگی گزارنے کے لیے محنت کیوں ضروری ہے؟ (1)

ii. بلبل نے کس لیے محنت کی؟ (1)

iii. اِن اشعار میں ردیف اور قافیہ کی نشاندہی کریں۔ (1)

iv. محنت کی اہمیت پر دو جملے تحریر کریں۔ (2)

**سوال 3: حصہ قواعد** (10)

**(الف): ہدایات کے مطابق تبدیلی کر کے جملہ دوبارہ لکھیں۔** (4)

i. **مونث لکھیں۔** میرے <u>والد</u> مجھے روزانہ پڑھاتے ہیں۔

ii. **جمع لکھیں۔** استانی نے ہمیں <u>مضمون</u> لکھنے کے لیے دیا۔

iii. **متضاد لکھیں۔** ہمارے لیے <u>شہید</u> اور ________ دونوں قابلِ احترام ہیں۔

iv. **مترادف لکھیں۔** محت مند رہنے کے لیے ذہنی <u>آرام</u> و ________ ضروری ہے۔

(ب): دیئے گئے الفاظ کی اسم علم کی اقسام کے مطابق نشاندہی کریں۔ (2)

رستم زماں، قائداعظم، بنت علی، خان بہادر، ذوقؔ، مادرِ ملت، فرازؔ، ابن مریم

(ج): بارش کے دو متلازم الفاظ لکھیں۔ (1)

( د): درج ذیل الفاظ کے جملے بنائیں۔ (3)

اسباب، دلدل، الفت

## حصہ سوم (کل نمبر 25)

سوال نمبر4: درج ذیل نظمیہ جز میں سے کسی ایک کی تشریح کریں۔ نیز نظم اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (4+1)

(الف)

کوئی تو ہے جو نظامِ ہستی چلا رہا ہے، وہی خدا ہے
دکھائی بھی جو نہ دے، نظر بھی جو آرہا ہے، وہی خدا ہے
تلاش اس کو نہ کر بتوں میں، وہ ہے بدلتی ہوئی رتوں میں
جو دن کو رات اور رات کو دن بنا رہا ہے، وہی خدا ہے

**یا**

(ب)

ہے اُن کے سر پہ چھتری، ہاتھی پہ وہ چڑھے ہوئے ہیں
ہم سے غریب غربا، کیچڑ میں گر پڑے ہیں
ہاتھوں میں جوتیاں ہیں اور پائنچے چڑھے ہیں
کیا کیا مچی ہیں یارو، برسات کی بہاریں

سوال نمبر5: مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر دیئے گئے اشارات کی مدد سے 150 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں۔ (10)

1۔ ایک دلچسپ سفر

i. سفر کی اہمیت
ii. سفر کا آغاز
iii. قدرتی مناظر کا مشاہدہ
iv. سفر کے دوران پیش آنے والے واقعات
v. منزل مقصود

2۔ حب وطن

i. آزادی کی اہمیت
ii. پاکستان اور ہم
iii. حب وطن کا تقاضا
iv. غلامی کے نقصانات
v. حاصلِ بحث

سوال نمبر6: دو دوستوں کے نام مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ لکھیں۔ (5)

سوال نمبر7 : کتب فروش کے نام خط لکھ کر اپنی پسندیدہ کتابیں منگوائیں۔ (5)